## سوال

ان اخبارات اوراوراق کا کیا حکم ہے جن میں اللہ تعالی کے اسماء اورانبیاء کرام کے نام پائے جاتے ہیں مثلا عبداللہ ، یا عبدالکریم وغیرہ ؟ ان اوراق کو ہم کس طرح ضائع کریں ؟

## جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کےلیے ، اور دورو و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

اس طرح کے اوراق جن میں اللہ تعالی کا ذکراوراحترام والے نام یا آیات قرآنیہ اوراحادیث نبویہ پائی جائيں ان کی حفاظت کرنا اوران کا خیال رکھنا واجب ہے اوریہ ضروری ہے کہ انہیں کسی ایسی جگہ پر نہ پھینکا جائے جہاں پر توہین کا پہلوں نکلتا ہو یہاں تک کہ ان اوراق کی ضرورت نہ رہے ۔

اورجب ان اوراق سے فارغ ہوں اوران کی ضرورت ختم ہوجائے توانہیں یا توکسی پاک صاف جگہ پر دفن کردیا جائے اوریا پھر انہیں جلادیا جائے اوریا انہیں کسی حفاظت والی جگہ سنبھال کررکھا جائے مثلا الماری وغیرہ میں ۔ .

اسلام سوال وجواب

# 21511